# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | جمعہ 22 مارچ 2024 | Islamadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 54285 |
| ملازمین کا اندراج | 50527 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20411 |
| گمشدگی رپورٹ | 23150 |
| جنرل ویریفکیشن | 93440 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 94 |
| گرفتار ملزمان | 61 |
| یکسو چالان | 81 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5955 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 10 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 3046 |
| سنگین خلاف ورزی | 2275 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 5142 |
| بوگس کال | 4516 |
| ایمرجنسی رسپانس | 336 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 01 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 11 منٹ |

## آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا موٹر سائیکل چوری کے تدارک کیلئے خصوصی مہم کا آغاز

**شہری موٹر سائیکل کھڑا کرتے وقت تمام احتیاطی تدبیر استعمال کریں، لاک کو لازمی چیک کریں، موٹر سائیکل کو سنسان جگہ کھڑا کرنے کے بجائے مختص کی گئی پارکنگ میں کھڑا کریں، حفاظتی اقدامات میں اضافہ چوری کو مشکل بنا دیتا ہے**






اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے وفاقی دارلحکومت میں موٹر سائیکل چوری کے تدارک کیلئے خصوصی مہم کا آغاز کردیا ہے، اس مہم کے دوران شہریوں کو موٹر سائیکل کھڑا کرتے وقت تمام احتیاطی تدبیریں استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، شہری موٹر سائیکل کو ہمیشہ مختص کی گئی پارکنگ میں کھڑا کریں اور مضبوط ڈبل لاک کا استعمال کریں، موٹر سائیکل کو گلی کے بجائے گھر کے اندر پارک کریں اور ہمیشہ اپنی نظروں کے سامنے رکھیں، اسی کے ساتھ فیول سوئچ کے استعمال کو بھی یقینی بنائیں، رات کے اوقات میں موٹر سائیکل کو روشنی والی جگہ پر کھڑا کریں، شہری ہمیشہ موٹر سائیکل پر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ سرکاری نمبر پلیٹس کا استعمال کریں، ان حفاظتی اقدامات میں اضافہ چوری کو مشکل بنا دیتا ہے، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15 "یا" آئی سی ٹی"-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

## سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

**جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 106 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 62 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کئے جا چکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تا کہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے ویژن اور خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 106 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 62 ہزار 395 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹر سائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جا رہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جا سکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جا رہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 02 ہزار 487 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیو ں کی جانچ کی، جبکہ 15 مشکوک اشخاص اور 32 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 487 شکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 721 شکوک افراد اور 1,766 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 15 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 32 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

# وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں

**اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم محمد آفتاب کو گرفتار کرلیا، تھانہ گولڑہ پولیس نے ملزم قاسم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 215 گرام ہیروئن برآمد کرلی، جبکہ غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم زاہد علی کو گرفتار کرلیا، تھانہ سنگجانی پولیس نے دو ملزمان عرفان علی اور شاہد خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلیے، تھانہ سبزی منڈی پولیس نے ملزم عمر حیات کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,263 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ شمس کالونی پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث غیر ملکی شہری نیلسن ایکچوکو کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ نون پولیس نے دو ملزمان محمد سلیمان اور مسعود کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول اور ایک عدد ایس ایم جی بندوق برآمد کرلی، تھانہ نیلور پولیس نے ملزم محمد عاقب کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم انجم پرویز کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ کرپا پولیس نے غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے پر ملزم ارسلان کو گرفتار کرلیا، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم مطیع اللہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار'-15'یا " آئی سی ٹی"-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ کورال پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے چھ ارکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کورال پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے چھ ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے وارداتو ں میں استعمال ہونے والا اسلحہ چھ عدد تیس بور پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلئے گئے، گرفتار ملزمان کی شناخت شیراز اکرم، زبیر، محمد فرحان، سبحان، آکاش اور دانیال کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ کورال کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار' -15'یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج اور موثر تلاشی کا عمل جاری ہے

**ہائی سکیورٹی زون کے مختلف ناکہ جات پر قانون کی خلاف ورزی پر متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی**



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے اہلکار ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج، شناختی دستاویزات کی جانچ اور موثر تلاشی عمل میں لارہے ہیں، اس کے ساتھ مختلف ناکہ جات پر گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مختلف قانونی خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی، گزشتہ ہفتہ کے دوران ہائی سکیورٹی زون ناکہ جات پر تعینات پولیس اہلکاروں نے 1,468 کالے شیشوں، 121 غیر نمونہ نمبر پلیٹ اور بغیر کاغذات والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران و جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی مکمل ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں، کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی نہ برتی جائے، ہائی سکیورٹی زون میں واقع اہم سرکاری ونجی املاک اور سفارت خانوں کا تحفظ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے تمام شہریوں کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنایا جائے، شناختی دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے، تمام مشکوک گاڑیوں کی تلاشی لی جائے اور عوام کے ساتھ مثبت رویہ اپنایا جائے، انہوں نے عوام الناس سے گزارش کی وہ ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں، اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے قریبی تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن" پکار"-15 یا " آئی سی ٹی -15" ایپ پر اطلاع کریں۔

## قتل ودیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 09 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹھرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کرکے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–"15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع دیں۔

## گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 05 ہزار 412 کالز موصول ہوئیں، جن میں 04 ہزار 516 غیر متعلقہ کالز تھیں

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار–" 15 وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بروقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کررہی ہے، "پکار– 15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، سیف سٹی میں "پکار– 15" کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران' 'پکار-15" ہیلپ لائن پر 05 ہزار 412 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 04 ہزار 516 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 83% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 336 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 83% فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ "پکار– 15" ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
Islamabad Police | FRIDAY MARCH 22, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 5142 |
| Hoax Call | 4516 |
| Emergency Response | 336 |
| Minimum Response Time | 01 Min |
| Maximum Response Time | 11 Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 3046 |
| Major Violation | 2275 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | ---- |
| Learner Permit | ---- |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 94 |
| Accused Arrested | 61 |
| Challan Submitted in Court | 81 |
| Stop & Search | 5955 |
| P.O / C.O Arrested | 10 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 54285 |
| Employee Registration | 50527 |
| Vehicle Verification | 20411 |
| Lost Reports | 23150 |
| General Verification | 93440 |

# Islamabad Capital Police launches special campaign to combat motorcycle theft

According to details, following the special directives of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has initiated a special campaign to combat motorcycle theft in Islamabad, a public relations officer said. He said that, during this campaign, citizens are directed to use all precautionary measures when parking motorcycles, always park motorcycles in designated parking areas, use strong double locks, and park motorcycles inside homes instead of on the streets. Additionally, always keep them in sight, ensure the use of fuel switches, park motorcycles in well-lit areas at night, and use official number plates issued by the Excise and Taxation Department. These security measures make theft more difficult. Islamabad Capital Police is utilizing all available resources to make the city a safer place with the cooperation of citizens. Citizens are urged to report any suspicious individuals or activities to their respective police stations, emergency helpline "Pucar-15" or via the "ICT-15" app.






# Over 2,62,385 e-challan tickets issued through safe city cameras

Islamabad Capital Police safe city e-challan system has issued over 2,62,395 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Capital Police have issued 106 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,62,395 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers with the use of modern technology.



# Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,487 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 721 pedestrians and 1,766 motorcycles during special and snap checking, out of which 15 suspicious individuals shifted to police stations, while 32 motorcycles were impounded at various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. "Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens".

# 17 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 17 outlaws including four professional beggars from different areas of the city during the last 24 hours and recovered stolen motorbike, drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Karachi company police team arrested an accused namely Muhammad Aftab involved in illegally gas refilling. The Golra police team arrested an accused namely Qasim and recovered 215 gram heroin from his possession, while the police team arrested an accused namely Zahid Ali involved in illegally gas refilling. Likewise, the Sangjani police team arrested two accused namely Irfan Ali and Shahid Khan and recovered two 30 bore pistols from their possession. The Sabzi Mandi police team arrested an accused namely Umer Hayat and recovered 1263 gram hashish from his possession. Similarly, the Shams Colony police team arrested an accused namely Nelson Ikechukwu and recovered 520 gram hashish from his possession. The Noon police team arrested two accused namely Muhammad Sulman and Masood and recovered one SMG gun and one 30 bore pistol from their possession. Moreover, the Nilore police team arrested an accused namely Muhammad Aqib and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Khanna police team arrested an accused namely Anjum Pervez and recovered one 30 bore pistol from his possession. Furthermore, the Kirpa police team arrested an accused namely Arslan involved in illegally selling petrol. The Humak police team arrested an accused namely Matiullah and recovered one 30 bore pistol from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the crackdown against professional beggars, police teams arrested five professional beggars and registered cases against them under the beggars act. Senior police officers directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# Six wanted members of snatcher gang held; weapons recovered

Islamabad Capital Police Koral police team arrested six wanted members of a notorious snatcher gang involved in numerous criminal activities and recovered weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Koral police team used technical and human resources and succeeded in apprehending six wanted members of the snatcher gang involved in numerous criminal activities. The accused were identified as Sheraz Akram, Zubair, Muhammad Farhan, Subhan, Akash and Daniyal. Police team also recovered six 30 bore pistols with ammunition used in crime from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Citizens are urged to cooperate with the police and report any suspicious individuals or activities through the emergency helpline "Pucar-15" or at "ICT-15" mobile application.




# Nine absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested nine absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested eight absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan said that the Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police, he added.

# Islamabad Capital Police ensuring foolproof security arrangements at High Security Zone



According to the details, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police is using all available resources to ensure the peace and tranquility within the federal capital, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police ensured data registration, identification documents and effective search of citizens entering the high security zone on a regular basis. During the last week, the Islamabad Capital Police removed tinted glasses and improper number plates from 1468 vehicles, impounded 121 vehicles without documentation. Strict directions have been issued to police officers and officials performing their duties at high security zone checkpoints to exercise their duty with full responsibility. The protection of important public and private property and embassies located in the high security zone is of paramount importance. The police officials were further directed to ensure the data entry of all citizens entering the high security zone, the identification documents should be thoroughly scrutinized, all suspicious vehicles should be searched and a positive attitude has been taken towards the public. Citizens are also urged to cooperate with the Islamabad Capital Police and to report any suspicious activity on emergency helpline "Pucar-15" or at ICT-15 app.



# Search and combing operation conducted in Bani Gala Police Station jurisdiction








Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Bani Gala police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Bani Gala police station by Counter Terrorism Department (CTD) and local police teams. During the search and combing operation 72 suspicious persons, 45 houses, 21 motorcycles and 07 vehicles were thoroughly checked, while police teams also shifted 04 motorcycles without documents to the police station for further verification purpose. Senior police officers said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking.

## Pucar-15 helpline received 4,516 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 5,412 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 5,412 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 4,516 calls were hoax and irrelevant to police which make up 83% of all calls. The Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police



Islamabad Police
@ICT_Police

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے سائبر کرائم یونٹ نے آن لائن فراڈ ،دھوکہ دہی اور رقم غبن کرنیوالے ملزمان کے خلاف 2 مقدمات کا اندراج کر لیا گیا.

قیام سے لیکر اب تک 740 درخواستیں موصول ہوئیں

60 درخواستیں تکمیل کے بعد داخل دفتر ہوئیں

117 درخواستوں پہ کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

#ICTP #IslamabadPolice

Translate post

4:26 pm · 20 Mar 24 · 6,051 Views

2 Reposts 1 Quote 23 Likes




Islamabad Police
@ICT_Police

شہری اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی آفیشل ویب سائٹ سے اپنا ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔

Link 🔗 :
ict.islamabadpolice.gov.pk:4433/virtualdl/
#ICTP #ITP

Translate post





Islamabad Police
@ICT_Police

اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے یوم پاکستان کی مناسبت سے ترانہ جاری کردیا۔

ترانہ "جنت سے بلاوا آیا ہے" آئی جی اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے لکھا۔

ترانے میں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نڈر جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

اسلام آباد پولیس کی جانب سے جاری کیا گیا ترانہ پاکستان کی خدمت اور حفاظت پر مامور جوانوں کا ترجمان ہے۔

ترانے میں وطن کے بیٹوں کی قربانیوں اور ملک سے بے لوث محبت کو نہایت خوبصورتی سے بیان کیا گیا۔
#23march2024 #YoumePakistan

Translate post